پر مسلمانوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے اور علماء نے متفقہ طور پر اپنے فتووں میں قادیانیوں کو کافر قرار دے دیا ہے۔ نائب وزیر اعظم داتک موسیٰ ہتام نے گذشتہ روز کوالالمپور سے ۲۵ میل دور ایک جامع مسجد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قادیانی فرقہ ملک بھر میں سرطان کی طرح پھیلتا جا رہا ہے اور حکومت اس کے سدباب کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ ملائیشیا کے وفاقی آئین میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ جو شخص مسلمان نہیں اسے ملائیشیا کی مسلم شہریت (ملائے) کہلانے کا حق حاصل نہیں ہے۔ اور اسے مسلمانوں جیسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ واضح رہے کہ ملائیشیا میں ۶۰ فیصد ملائے ۳۰ فیصد چینی اور ۱۰ فیصد بھارتی باشندے آباد ہیں۔ داتک موسیٰ ہتام نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ قادیانیوں نے دیگر ممالک کی طرح ملائیشیا میں بھی اپریشن شروع کر دیا ہے۔ اور روز بروز ان کی سرگرمیوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کا تدارک ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ملائیشیا میں روحانیت اور مادہ پرستی کی بنیادوں پر بعض خفیہ اور پراسرار تحریکیں زور پکڑ رہی ہیں اسی خطرے کے پیش نظر مذہبی طبقوں کا ایک مشترکہ اجلاس بلا رہا ہوں جس میں مسلمان، عیسائی، ہندو، بدھ اور دیگر مذاہب کے اسکالر حصہ لیں گے۔ اس سے اسلامی نظریات کو مسخ کرنے کی مذموم سازشوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی"۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

سمیع الحق

★ ہماری کوششوں کے باوجود کتابت و طباعت وغیرہ کی دشواریوں کی وجہ سے ماہنامہ الحق کی اشاعت میں عرصہ سے تاخیر ہوتی چلی آرہی ہے۔ جب کہ کچھ تاخیر اہم اور مفید مواد کی فراہمی کی وجہ سے ناگزیر بھی ہوتی ہے تاہم ہماری ہر ممکن سعی ہے کہ اس تاخیر کو (جو الحق کے معزز قارئین کے لئے بجا طور پر سوہان روح ہوتی ہے) ختم کر دیا جائے۔ قارئین سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ یہ بھی خیال رہے کہ الحق اب اسلامی مہینوں کے حساب سے چھپ رہا ہے اس لئے قارئین کرام اسلامی حساب سے مہینوں کو ملحوظ رکھا کریں۔ اس لحاظ سے تاخیر بہت کم ہوتی جا رہی ہے — بارہا گذارش کے باوجود بہت سے حضرات خط و کتابت، منی آرڈر وغیرہ میں خریداری نمبر نہیں لکھتے۔ جس کی وجہ سے تعمیل حکم میں دقت ہو جاتی ہے۔ از راہ کرم خریداری نمبر لازماً لکھا کریں۔

★ ترسیل رسالہ شکایات اور حساب کتاب سے متعلق امور پر جناب مدیر الحق بوجہ عدیم الفرصتی توجہ نہیں دے سکتے۔ اس لئے انتظامی امور سے متعلق خط و کتابت منیجر الحق کے نام کی جائے۔

"ناظم الحق"